26/05/2026

12.30 PM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **انوار الحق**

پد یاترا

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت مختلف اضلاع میں پد یاتراؤنکے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے ، جن میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد اپنی سرگرم شرکت دکھا کر منشیات کی لعنت کے خلاف اپنے عزم مصمم کا اظہا رکر رہے ہیں۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل ضلع بانڈی پورہ مینبھی ایک پد یاتراکی قیادت کی ۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نوجوان قوم کی تعمیر میں ایک اہم رول ادا کر رہے ہیں اور انہیں تعمیری سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے ۔

سرینگر

ادھر ضلع سرینگر میں نشہ مکت ابھیان کے تحت قصورواروں کے خلاف اب تک چوراسی

FIR درج کئے جا چکے ہے 117 گرفتاریاں عمل میںلائی جا چکی ہے جبکہ ایک سو ڈرائیونگ لائیسنس، چھیالیس RCs

اورسترہ کیمسٹ لائسنس منسوخ کی گئی ہیں۔

اس دوران ضلعے میں منشیات کے سوداگروں سے منسوب چالس کروڈ روپے کے اثاثوں کو قرق یا منہدم کیا گیا ہے۔

ان باتوں کی جانکاری ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو کی صدارت میں منعقدہ ضلع سطح کی

NCORD میٹنگ میں دی گئی جس میں

۔ ایس ایس پی سرینگر ڈاکٹر سندیپ چکرورتی بھی موجود تھے

حج

مکہ شریف میں مناسکِ حج کی ادائیگی کا سلسلہ جاری ہے جہاں عازمین کرام تلبیہ کا ورد کرتے ہوئے اللہ کی خوشنودی اور فضل و کرم کے طلب گار ہیں۔

عازمین کرام آج میدانِ عرفات میں جمع ہے جہاں وہ حج کا رکن عظیم، وقوفِ عرفات ، میں محو ہیں۔ وہ وہاں ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کرینگے۔

آج نماز مغرب سے پہلے وہ مزدلفہ کیلئےروانہ ہو نگے اور وہاں رمی جمرات کیلئے کنکریاں جمع کرینگے۔ وہیں پروہ مغرب اور عشاءکی نماز بھی ایک ساتھ ادا کرینگے۔ اس کے بعد وہ رات کھلے آسمان تلے گزار کر کل صبح منٰی پہنچے گے اور حج کے ارکان ادا کرینگے۔

اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی طرف سے// کل منائی جانے والی عید الاضحی کی تقریب سعید کے لئے تمام تیاریاں اور انتظامات کو حتمی شکل دی گئی ہے ۔

وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے اس سلسلے میں وقف بورڈ انتظامیہ اوراہم مساجد کے ائمہ حضرات کے ساتھ ایک تفصیلی میٹنگ کے دوران تمام ضروری امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔

جموں کشمیر خاص کر وادی کے دیگر سبھی اضلاع میں بھی منعقد ہونے والے عید نماز کے روح پرور اجتماعات کے تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔

CM

وزیر اعلی عمر عبداللہ نے ڈونی وارہ چاڈورہ جا کر وہاں یم ایل اے علی محمد ڈار اور ان کے اہلِ خانہ کے ساتھ تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا ، جن کے بھائی کا انتقال ہو گیا ہے۔

انہوں نے مرحوم کی جنت نشینی کیلئے دعا کی

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے نئی دلی میں، کسان گھر اور جموں کشمیر ایگرو کولڈ سٹوریج سہولیات کے علاوہ مشترکہ سہولیاتی مرکز اور ایڈیشنل مارکیٹ ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کی تعمیر پر ہو رہے کام کا جائزہ لیا ۔

اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ ان پروجیکٹوں کے مکمل ہونے سے جموں کشمیر کے باغبانی شعبے کو کافی فروغ ملے گا ۔

گنڈولہ

گلمرگ گنڈولہ میں پیش آئی تیکنیکی خرابی کے بعد سبھی درماندہ سیاحوں کو محفوظ طریقے سے ریسکیو کیا گیا ہے۔ کل ملا کے 65 کیبل کار کیبنوں میں زائد از 300 سیاح درماندہ ہو کر رہ گئے تھے جن میں سے کچھ زمین کی سطح سے پانچ

سو فُٹ کی بلندی پر درماندہ ہونے کے بعد گھبراہٹ میں آگئے تھے۔

اس کے بعد

NDRF, SDRF, JKP ، فوج اور مقامی انتظامیہ کی طرف سے سات گھنٹے تک ایک مشترکہ ریسکیو آپریشن چلایا گیا۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلی عمر عبد اللہ نے کامیاب ریسکیو پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس آپریشن میں شامل تمام متعلقین کو شاباشی دی ۔

بڈگام

جموں کشمیر پولیس نے گلوان پورہ بڈگام میں ایک معصوم بچی کے ساتھ پیش آئے دلخراش واقعے کا معمہ 36 گھنٹوں کے اندر حل کر دیا ہے ۔

اس بارے میں ایس ایس پی بڈگام ہری پرساد کے کے نے بتایا کہ ایک ملزم کو پکڑا گیا ہے جبکہ دیگر مشتبہ افراد کو بھی جلد ہی قانون کی عدالت میں کھڑا کیا جائے گا اور انہیں قرار واقع سزا دی جائے گی ۔

داخلہ

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے یو ٹی کے کالجوں میں داخلے کے خواہشمند امید واروں سے کہا ہے کہ وہ داخلے کیلئے کالج آپشن کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریںتاکہ انہیں کسی نہ کسی کالج میں داخلہ مل سکے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے اس تعلق سے کہا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ